# علم الاعداد

ترتیب و تدوین

نسرین منہاس

خواجہ شمس الدین عظیمی

# زندگی اور ہندسے

امراض اور الجھنوں کا علاج آپ نے مختلف طریقوں سے کیا ہے۔ آپ کے مشوروں سے کافی لوگوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ ایک صاحب کئی سال سے خارش کے مرض میں مبتلا تھے۔ آپ کے مشوروں سے پوری طرح صحت یاب ہو گئے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ آپ نے انہیں روزانہ ۷ عدد عناب کا پانی پینے کا مشورہ دیا تھا۔ جبکہ وہ نہیں معلوم کتنی مصفی خون دواؤں کا استعمال کر چکے تھے۔ ۳ حضرات میرے علم میں ایسے ہیں جنہیں آپ نے تعویذ دیا اور درد گردہ ختم ہو گیا۔ آپ نے روحانی ڈاک میں کئی امراض کے لئے تعویذ بھی لکھے ہیں۔ ان میں سے چند تعویذوں پر ہندسے لکھے ہوئے ہیں۔ یہ بات تو ثابت ہو چکی ہے کہ عملیات اور تعویذ میں اثر ہوتا ہے۔ میں آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ تعویذ میں ہندسہ اور دوسری مختلف شکلوں کا کیا مطلب ہے اور یہ ہندسے کیا کام کرتے ہیں۔

جواب: یہ بات ذہن نشین ہونا ضروری ہے کہ کائنات میں انسان اللہ تعالیٰ کی بہترین صنعت ہے اور اللہ تعالیٰ خود احسن الخالقین ہیں۔ مفہوم واضح ہے یعنی دوسری مخلوق بھی اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیارات کے تحت تخلیق کر سکتی ہے بالفاظ دیگر انسان اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں مفید یا تخریبی ردوبدل کر سکتا ہے۔ مثلاً آگ اللہ کی تخلیق ہے۔ ہم اسی تخلیق سے تعمیر یا تخریب کے دونوں کام لے سکتے ہیں۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے۔ ہم نے حدید (لوہا۔ دھات) نازل کیا اور ان میں انسانوں کے لئے بے شمار فائدے ہیں۔ مگر اسی لوہے سے جہاں انسانی فلاح و بہبود کے لئے بڑی سے بڑی مشینیں تیار کی جاتی ہیں۔ وہاں اس دھات کو تخریب میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے اور کیا جا رہا ہے۔ بعینہ یہی صورت کائنات میں موجود ہر اس شے کی ہے جس پر قدرت نے ہمیں اختیار دیا ہے۔

انسان کے اندر کام کرنے والی ساری صلاحیتوں کا دار و مدار ذہن پر ہے۔ ذہن کی طاقت ایسے ایسے کارنامے انجام دیتی ہے جہاں شعور بھی ہراساں اور خوف زدہ نظر آتا ہے انسان کی ایجاد کا یہ کتنا بُرا کارنامہ ہے کہ اس نے اپنی ذہنی صلاحیتوں کو استعمال کر کے ایک ایٹم کو اتنا بڑا درجہ دے دیا ہے کہ اس ایک ایٹم سے لاکھوں جانیں ضائع ہو سکتی ہیں، کیوں کہ ایٹم کو لاکھوں اشرف مخلوقات انسانوں پر فضیلت دی گئی ہے۔ جس طرح ایٹم میں مخفی طاقتیں موجود ہیں بالکل اسی طرح کائنات کی ہر تخلیق میں مخفی اور پوشیدہ طاقتوں کا سمندر موجزن ہے اور ان ساری طاقتوں کی اصل روشنی اللہ نور السمٰوات والارض!

عملیات اور تعویذ میں بھی روشنی کام کرتی ہے چونکہ انسان اشرف المخلوقات ہے اس لئے روشنی پر اس کو تصرف کا اختیار دیا گیا ہے۔ تعویذ کے نقوش میں جو روشنیاں کام کرتی ہیں وہ ذہن انسانی کے طابع ہیں۔ لیکن یہ بات بہت زیادہ غور طلب ہے کہ کسی بھی عمل کے صحیح نتائج اس وقت سامنے آتے ہیں جب ہماری صلاحیتیں دلچسپی اور یکسوئی کے ساتھ عمل پیرا ہوں۔ قانون یہ ہے کہ دلچسپی اور یکسوئی حاصل نہ ہونے کی وجہ

www.ksars.org

سے روشنیاں بکھر جاتی ہیں۔ یہی حال تعویذ کے اوپر لکھے ہوئے نقوش اور ہندسوں کا بھی ہے۔ کوئی عامل جب تعویذ لکھتا ہے تو وہ اپنی پوری صلاحیتوں کو روبہ عمل لا کر اپنی ماورائی قوتوں کو حرکت میں لے آتا ہے۔

قرآن پاک فرماتا ہے:- پاک اور اعلیٰ ہے وہ ذات جس نے معین مقداروں کے تحت تخلیق کی تعویذ کے اوپر لکھے ہوئے نقوش اور ہندسے بھی اس قانون کے پابند ہیں۔ "علم لدنی" میں یہ پڑھایا جاتا ہے کہ یہاں ہر چیز مثلث (TRIANGLE) اور دائرہ (CIRCLE) کے تانے بانے میں بنی ہوئی ہے۔ فرق یہ ہے کہ کسی نوع کے اوپر دائرہ غالب ہے۔ مثلث کا غلبہ ٹائم اسپیس (TIME SPACE) کی تخلیق کرتا ہے اور جس نوع پر دائرہ غالب ہوتا ہے وہ مخلوق لطیف اور ماورائی کہلاتی ہے جو ہمیں نظر نہیں آتی۔ جیسے جنات اور فرشتے۔

انسان چونکہ اشرف المخلوقات اور اللہ تعالیٰ کی تیسری صناعی ہے اس لئے وہ چاہے تو خود کو مثلث کے دباؤ سے آزاد کر کے دائرہ میں قدم رکھ سکتا ہے جیسے ہی دائرہ کے اندر قدم رکھ دیتا ہے اس کے اوپر جنات کی دنیا اور فرشتوں کا انکشاف ہو جاتا ہے۔ یہی دائرہ اور مثلث تعویذ میں ہندسے بن کر عمل کرتے ہیں۔ جو نقطہ سے شروع ہو کر ۹ کے ہندسے پر ختم ہو جاتے ہیں۔ اب ہم مثلث دائرہ اور نقطہ کی تشریح کرتے ہیں۔

### نقطہ (۰)

ذہن میں ایک نقطہ ہوتا ہے۔ اس میں کوئی لمبائی چوڑائی نہیں ہوتی۔ بلکہ وہ نقطہ کے تصور کی اصل ہے۔ جب کسی طاقت کو یا کسی عمل کو مضاعف کرنا ہو، مضاعف کرنے سے مراد یہ ہے کہ طاقت یا کسی عمل کی طاقت کو دو گنا بیس (۲۰) گنا، دس ہزار گنا-ایک لاکھ گنا یا اس سے بھی زیادہ گنا کرنا ہو تو ایسی صورت میں سیدھی طرف ایک نقطہ لکھتے ہیں۔

### ایک کا ھندسہ (۱)

اگر یہ طاقت کسی چیز کو کمزور کرنے یا ختم کرنے کے لئے استعمال کی جائے تو ایک لکیر اوپر سے نیچے کی طرف یعنی ایک کا ہندسہ (۱) استعمال کیا جاتا ہے۔

### دو کا ھندسہ (۲)

اگر اس طاقت کو تعمیر اور تخریب دونوں کے لئے استعمال کیا جائے یعنی مضر کو ختم کرنے کے لئے اور مفید کو تخلیق کرنے کے لئے تو اس لکیر کے اوپری سرے میں نصف دائرہ بنایا جاتا ہے اس سے دو کا ہندسہ بن جاتا ہے۔

### تین کا ھندسہ (۳)

اگر بہت ساری چیزیں غلط ہیں۔ ان کو مٹانا ہے اور صرف ایک کو مفید میں تخلیق کرنا ہے تو دو نصف دائرے سیدھی لکیر یعنی ایک کے ساتھ شامل کر دیئے جائیں گے۔ اور یہ تین کا ہندسہ بن جائے گا۔

www.ksars.org

### چار کا ھندسہ (۴)

اگر ایک غلط کو حذف کرنا ہے اور دوسری بہت سی مفید طاقتیں تخلیق کرنی ہوں تو الف مقصورہ اور نصف دائرہ کو ایک کے ہندسے میں ملائیں گے۔ یہ چار کا ہندسہ (۴) بن جائے گا۔

### پانچ کا ھندسہ (۵)

اگر صرف مضرت رساں حالات پیشِ نظر ہیں اور صرف مشکلات ہی مشکلات درپیش ہیں یعنی خارجی دنیا سے حوادث پے درپے جمع ہو رہے اور تسلسل کے ساتھ آرہے ہیں تو آنے والے واقعات کو روکنے کے لئے ورائے ذہن کی طاقت استعمال کرنی پڑے گی۔ اس کا طریقہ یہ ہوگا۔ دو نصف دائروں کو اس طرح ملایا جائے جس میں مثلث نمایاں ہوں یہ پانچ کا ہندسہ (۵) بن گیا۔

### چھ کا ھندسہ (۶)

اگر ذہن کے اندر تعمیر کی صلاحیتیں معطل ہیں تو ان کو حرکت میں لانے کے لئے ایک (۱) کے ساتھ بائیں طرف اوپری حصہ پر نصف دائرہ کا اضافہ کردیں گے یہ چھ کا ہندسہ (۶) بن گیا۔

### سات کا ھندسہ (۷)

مشکلات و ناساز گار حالات میں اگر طبیعت اختراع کر رہی ہے اور انسان کام کرتے کرتے صحیح کام کو خود ہی بگاڑ دیتا ہے یا کوئی ایسی حرکت کر بیٹھتا ہے کہ اس کے مفید نتائج نہ نکلیں تو اس کے لئے دو خط استعمال ہوتے ہیں ایک سیدھا اور ایک آڑا۔ دونوں کو ملا دیا جائے تو سات کا ہندسہ بن جائے گا۔ اس سے ذہن کی تخریبی حرکات، اشتعال اور تباہی کے رجحانات مسدود ہو جاتے ہیں۔


### آٹھ کا ھندسہ (۸)

تخریبی حرکات، اشتعال اور تباہی کا رجحان اور اس قبیل کی دوسری چیزیں اگر ماحول سے آرہی ہیں اور طبیعت ان کا اثر قبول کرنے پر اس لئے مجبور ہے کہ وہ ماحول کی پابند ہے اس قسم کے آنے والے بیرونی حملوں کو روکنے کے لئے دو آڑے خط استعمال ہوتے ہیں ان سے آٹھ کا ہندسہ (۸) وجود میں آتا ہے۔




### مثلث

گھر میں یا دراثناً تخریبی آثار ملیں ان کو ختم کرنے کے لئے تین آڑے خط        تعویذ پر لکھے جاتے ہیں △ مثلث کی شکل اختیار کر لیں گے۔



اسلاف میں ورثہ میں ملی ہوئی بیماریاں، بری عادتیں ختم کر کے تعمیر مقصود ہو تو اس مثلث میں ایک نقطہ لگا دیا جاتا ہے اور ان تخریبی ورثوں کے علاوہ آسمانی بلائیں آسیب، گیس، ہوا کے زہریلے جراثیم مونو گیس، وبائی لہریں وغیرہ وغیرہ کی روک تھام ہو جاتی ہے۔



www.ksars.org

خون میں سقم واقع ہو جائے۔ کینسر لاحق ہو جائے تو ایک سیدھی لکیر ایک (ا) کے اوپری سرے کو کاٹتے ہوئے نصف تک مثلث بنا دیا جاتا ہے۔ یہ کینسر اور کینسر کی قبیل کے دوسرے امراض کا شافی علاج ہے۔

### نو کا ھندسہ (۹)

اب رہ گیا نو کا ہندسہ ۹ کا ہندسہ چھپی ہوئی چیزیں اور وسائل معلوم کرنے کے لئے یعنی روپیہ پیسہ، ضروریات کی چیزیں کھانے پینے کی چیزیں حاصل کرنے کے لئے کئی طریقوں سے لکھا جاتا ہے۔ کاغذ کے اوپر، دھات کی پتریوں کے اوپر، جھلی کے اوپر، بھوج پتر کے اوپر، کھال کے اوپر، ہڈی کے اوپر۔ یکساں سطح کے اوپر، گولائی کے اوپر، ناخن کے اوپر، سونے چاندی اور انگوٹھی میں نگینہ کے اوپر۔

جو مسائل سمجھ میں نہ آئیں ان کو حل کرنے کے لئے بھی ۹ کا ہندسہ استعمال ہوتا ہے۔ جو امراض بہت پیچیدہ ہوں ان کو دفع کرنے کے لئے بھی یہی ۹ کا ہندسہ لکھا جاتا ہے۔ خاص طور پر پاگل پن، مرگی، مالیخولیا، مایوسی، احساس کمتری، کند ذہنی کو دور کرنے اور حافظہ بحال کرنے میں ۹ کا ہندسہ عجیب و غریب صفات کا حامل ہے۔ ۹ کا ہندسہ غلط تحریکات کو رفع کرتا ہے اور ذہن کے اندر مفید تحریکات کو جنم دیتا ہے۔

www.ksars.org

# علم اعداد اور انسان۔۔۔رائٹر: محمد یونس آرائیں

روحانی علوم میں علم جفر ہو یا علم نجوم اور رمل عملیات یا کوئی ایسا علم جو بھی تجربہ مشاہدہ علم الاعداد کے بغیر نامکمل ہیں۔ ہر ستارہ عدد کے زیرِ اثر ہے۔ دنیا کی کوئی تعداد ان (نو) ہندسوں سے باہر نہیں۔ ایک کا عدد ابتدا اور نو کا عدد انتہا۔ ابتدا میں ابجد کے ۲۲ حروف تھے۔ لیکن عربی میں چونکہ چھ حروف ثخذ ضِظغ۔ زائد ہیں۔ جو زائد ہیں۔ انہی حروف اور اعداد کی روشنی میں باب العلم حضرت علی اور حضرت امام علی رضاؑ نے جفر کی بنیاد رکھی۔ بڑی بڑی زبانوں کی ابجد ایک ہے۔ اس کے حروف اور اعداد بھی یکساں ہیں۔ چاہے اردو، عربی، ہندی، عبرانی اور انگریزی کوئی بھی زبان ہو۔ علم جفر کو اردو اور عربی میں "علم الاعداد" اور "انگریزی میں نیومرالجی" کہتے ہیں۔ چونکہ انسان مرکز کائنات ہے اس لئے ہر چیز کا اثر اس پر ضرور پڑتا ہے۔ جو شخص جس عدد کے زیرِ اثر ہو گا اس کی طبیعت اور مزاج اس عدد کے اثرات سے بہت حد تک ملتا جلتا ہو گا۔

علم الاعداد ایک ایسا علم ہے جس کو سیکھے بغیر ہر حسابی علم خواہ وہ علم جفر ہو یا نجوم۔ رمل ہو یا عملیات سب نامکمل ہیں۔ ہر ستارہ عدد کے زیرِ اثر ہے۔ عملیات کے عامل ان اعداد کے اثر اور تاثیر سے خوب واقف ہیں۔ دنیا کی کوئی تعداد ان نو(۹) ہندسوں سے باہر نہیں ہے۔ ایک کا عدد ابتدا اور نو کا عدد انتہا ہے۔ چونکہ انسان مرکز کائنات ہے اس لیے ہر چیز کا اثر اس پر ضرور پڑتا ہے۔ جو شخص جس عدد کے زیرِ اثر ہو گا اس کی طبیعت اور مزاج اس عدد کے اثرات سے بہت حد تک ملتا جلتا ہو گا۔

اعداد کا انسان پر کیا اثر ہوتا ہے؟ نام کے اعداد کا مفرد عدد نکال کر اپنے عدد کی خصوصیات کا مطالعہ کر کے اپنے اندر کی کمی کو دور کر لیجیۓ اور اپنے اندر پائی جانے والی قابلیتوں کو اور زیادہ ابھارنے کی کوشش کیجیۓ۔ تاکہ ہر میدان میں کامیابی و کامرانی آپ کے قدم چومے۔

## نام کا عدد نکالنا

مثال: نام۔ محمد یونس

م ح م د ی و ن س

۴۰+۸+۴۰+۴+۱۰+۶+۵۰+۶۰

استنطاق ۸+۱+۲= ۱۱ مفرد ۱+ ۱=(۲)

کچھ وہ لوگ جن کے نام کا عدد دو ہے۔

معارف۔ ریاض احمد۔ محمد آصف۔ ہٹلر۔ مسولینی۔ فرانکو۔ سٹالن۔ محمد

www.ksars.org

## تاریخ پیدائش سے عدد نکالنا

تاریخ پیدائش ۱۹۴۱-۳-۲

استنطاق ۲+۳+۱+۹+۴+۱=۲۰

۲+۰=(۲)

مندرجہ ذیل بالا طریقے سے اپنا نام اور تاریخ پیدائش کا عدد نکال کر خصوصیات کا مطالعہ کر لیجئے۔

www.ksars.org

# دو(۲)نمبر عدد کی خصوصیات

اس عدد کا تعلق قمر سے ہے جو اچھے خیالات، بردباری، مددگارانہ صلاحیتوں پر دلالت کرتا ہے۔

**دوستی**

یہ دوستی کا مظہر ہے، اس عدد کی نوعیت مجہول اور مؤنث ہے۔

جس طرح ایک نمبر عدد کے لوگ پختہ عزم اور ایفائے عہد رکھتے ہیں۔ اسی طرح بالکل اس کے برعکس اس عدد کے حامل تبدیلی پذیر طبع اور غیر مستقل مزاج ہوتے ہیں۔ فطرت پسند ہوتا ہے۔ اس کی رہنمائی احساس اور ضمیر کی آواز پر ہوتی ہے۔

**تعمیری اوصاف**

رفاقت، بھروسہ کرنا، قوت متخیلہ، غوروخوض، گھریلو سادگی، بھولا پن، استقلال وہمت، صبر و تحمل، سنجیدگی، وفاداری، مقبولیت، غیر معمولی قوت برداشت کرنا۔

**تخریبی اوصاف**

جلد یقین کرلینا، حسد۔ کثافت، شرمیلا پن، بے چینی، وری میلان طبع، ٹال مٹول، مایوسی، فکر تردد، بے حوصلہ پن، شکی مزاج، بے حد ضد، ہر کام میں بحث کرنا۔

یہ عدد عورتوں کے نقطہ خیال کی نمائندگی کرتا ہے۔ عورتیں جوش، ہیجان، دلی جذبہ ظاہر کرتی ہیں۔ یہ عدد مغعول ہے۔ اس کا حامل جس دوسرے عدد کے ساتھ ہوتا ہے اس کا اثر قبول کرلیتا ہے۔

**چال چلن**

یہ افراد نہایت بردبار اور سلجھے خیالات کے مالک ہوتے ہیں اور اپنی رائے کو موثر انداز میں ظاہر کرتے ہیں۔ غیر مصدقہ چیزوں کو اپنانے میں ہچکچاتے ہیں۔ صلح جو طبع کے مالک ہوتے ہیں۔ ایک ہی معاملے میں تحقیق کرتے رہنا ان کی فطرت کے خلاف ہے۔ یہ جب کوئی عاقلانہ اقدام اُٹھاتے ہیں تو معجزاتی طور پر کامیابی سے ہمکنار ہوتے ہیں۔

**خصوصیات**

یہ لوگ کسی حد تک موجد بھی ہوتے ہیں۔ کسی کے اصول کو بخوشی قبول کرکے اپنا سکتے ہیں۔ یہ لیڈرانہ صلاحیتوں کے فقدان کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ ایک فلسفی کی طرح دلائل پیش کرنے میں کافی مہارت رکھتے ہیں۔ اس امر کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں جس میں ہمدردانہ خواہشات اور کارکردگی کو دخل زیادہ ہو۔ اسی لیے یہ سماجی کارکن۔ مددگار اور نرس کے پیشے اختیار کرنے کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ان کی فطرت کا تقاضا ہی یہی ہے کہ وہ ہر دکھی انسان کی دلجوئی کریں۔

www.ksars.org

### زندگی کی مصروفیات

یہ لوگ دماغی۔ علمی۔ تحقیقاتی کاموں میں دلچسپی لیتے ہیں۔ بلا سوچے کوئی کام نہیں کرتے۔ بڑے مہمان نواز ہوتے ہیں۔ طب، نرسنگ کے پیشے زیادہ پسند کرتے ہیں۔ ٹیچر، اکاؤنٹنٹ، سائنسی تحقیقات ادارے میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ یہ لوگ بہت عرصہ تک ہمیشہ پریشان کن صورت حال کا شکار رہتے ہیں۔ یہ لوگ حاکمانہ رتبوں کے لئے مناسب نہیں۔

### فطرت

یہ لوگ اپنی حالتوں کی جھلک ان لوگوں کو دکھانے کے لیے تیار رہتے ہیں جن سے نئی نئی ملاقات ہو اور پھر یہ ان پر فوقیت لے جاتے ہیں جن میں قوتِ برداشت نہیں ہوتی۔ یہ خلوت پسند بھی ہوتے ہیں۔ لوگوں سے کم ملتے ہیں اور یہ بات پسند کرتے ہیں کہ لوگ ان کا ذکر خیر کریں اور یہ بات گوارا نہیں کرتے کہ لوگ ان کی ہستی کو نظر انداز کر دیں اور اسے بالائے طاق رکھ دیں۔ شکریہ الفاظ کے معاملے میں یہ بات قبول نہیں کرتے مثلاً کسی جگہ نوکری ملی تو اپنی ملازمت ملنے کا شکریہ ادا نہیں کرتے۔

ان کے اندر شہرت کے حصول کا جذبہ نہیں ہوتا جتنا کہ قبول خدمات کا ہوتا ہے۔ اگر کوئی دوسرا آدمی ان کی خدمت کرنے کے لئے میدان میں آئے تو اس کو پریشانی لاحق ہو جاتی ہے اور اگر کوئی ان کی حالت پر توجہ نہ دے تو اضمحلال کا شکار ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ ہیجان کے زیرِ اثر بہت جلد آجاتے ہیں جس کسی سے ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں تو دوسروں کو اپنے طریقے سے حیرت زدہ کر دیتے ہیں۔ نتیجہ کی پرواہ نہیں کرتے۔ اپنی سفر کرنے والی کشتیوں میں آگ لگا دیتے ہیں کہ اب چاہے مریں یا فتح حاصل کریں۔

### عورتیں

اس عدد کے زیرِ اثر عورتیں لوگوں کے جذبات مجروح کرنے والی کہانیوں سے گہری دلچسپی لیتی ہیں اور انہیں قصے کہانیوں سے بہت محبت ہوتی ہے، ان عورتوں کو چاہیے کہ سکون وراحت کی قدر کریں۔

### ایثار

یہ لوگ دوسروں کی تعریف بیان کرنے کی بجائے اپنے اوصاف بڑھا گھٹا کر بیان کرنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ یہ لوگ خود غرضانہ عمل اختیار نہیں کرتے۔ ان کی قوتِ متخیلہ بہت تیز ہوتی ہے اس سے فوراً فائدہ اُٹھانے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں۔ یہ لوگ دوسروں کے متعلق پیشن گوئی کر سکتے ہیں لیکن اپنی ذات کے متعلق کچھ منصوبہ نہیں بنا سکتے۔ یہ دوسروں کی بات پر جلد یقین کر لیتے ہیں۔

### خاص صفت

یہ دوست مزاج اچھے ہوتے ہیں۔ ان میں روز تبدیلی ہوتی ہے۔ ان لوگوں کو ایسا سمندر کہا جا سکتا ہے جس کا مدوجذر اوپر سے تو ہوتا رہتا ہے لیکن گہرائی سے ویسا ہی پرسکون ہوتا ہے جیسے ہونا چاہیئے ان کی زندگی تبدیلیوں کا مظہر ہے۔ یہ بے قرار لوگ ہیں۔ اپنی تجویزوں اور ارادوں پر یقین نہ رکھنا محتاط رہنا۔ ذاتی قربانی دینا۔ خیالات، سوچ بچار میں مگن رہنا ان کی صفات ہیں۔ یہ رومانی خیالات کے مالک ہوتے ہیں۔ عملی طور پر کچھ کرنے کی بجائے خیال تصوراتی کامرانی میں ڈوبے رہتے ہیں۔ نازک خیالی کا اعلیٰ نمونہ ہوتے ہیں۔ کم ترقی کر پاتے ہیں۔ کیونکہ ان کا نقطہ نظر ہی مختلف ہوتا ہے، یہ لوگ کسی مجمع کی جان بھی ہو سکتے ہیں۔ کسی بھی تقریب میں مقرر کی تقریر بڑی توجہ سے سنتے ہیں۔ یہ اپنی بساط کے

www.ksars.org

مطابق وقت گزارتے ہیں۔ کسی کے لیے باعثِ تکلیف بننا ان کی فطرت کے قطعی خلاف ہے۔ ہر علوم مخفی سے خاص شغف رکھتے ہیں۔ ہر علم کے متعلق ان کا علم سطحی ہوتا ہے۔

**رومان**

یہ لوگ بیوی کے دلدادہ ہوتے ہیں معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی ہوسکتے ہیں۔ خوبصورتی کی پرستش کرتے ہیں۔ رومانی حدود پھلانگتے وقت فہم و فراست سے کام لیتے ہیں۔

**مالی حالت**

یہ لوگ مالی مدد بھی خوب کرتے ہیں۔ مقروض ہونا پسند نہیں کرتے روپے کے معاملے میں بہت ایماندار ہوتے ہیں اور روپیہ بچانا خوب جانتے ہیں۔

**امراض**

صاحب عدد دائم المریض ہوتا ہے۔ پیٹ کے امراض میں مبتلا رہتا ہے۔

**جذبات پرستی**

سیر و سفر کرنا، روحانی تعلقات و بنیادی تعلقات حال و اولاد معاون، بخل و سخاوت، انقلاب و خیانت، قرضہ لین دین۔

**عمل راہ**

آپ لوگ صبر کا دامن نہ چھوڑیں۔ چاہے کتنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے اور دوسروں کے کاموں میں دخل اندازی نہ کریں۔ اپنے اوپر بھروسہ کریں اپنا کام خود سرانجام دیں۔ خیالی پلاؤ مت پکائیں۔ اپنی آزادی کو قائم رکھیں۔ نکتہ چینی کی پرواہ نہ کریں۔ اپنے کام میں مگن رہیں۔ آپ عاشق مزاج ہیں۔ اپنے محبوب پر سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ لیکن حد سے تجاوز نہ کریں ورنہ برباد ہو جائیں گے۔ ثابت قدم رہیں۔

**نکات**

کسی بھی مہینے کی ۲، ۱۱، ۲۰، ۲۹ تاریخیں آپ کے لیے مبارک ہیں۔ پیر کا دن خوش قسمتی کا دن ہے۔ رنگوں میں ہلکا نیلا، سنہری، سفید، سبز زیادہ موزوں ہیں۔ وبائی امراض سے بچنے کے لیے سونف چباتے رہیئے۔ حجر القمر، اوپل، موتی، نیلم اور ہر چمکدار نگینہ آپ کے لیے مفید ہے۔

نارنگیاں۔ کھجور۔ کیلے۔ فالسے۔ آم زیادہ استعمال کیجیے۔


یہ عدد مؤنث۔ دن سوموار۔ اطراف جنوب مشرق، کونہ۔ مالک فلک، اول، نحس و نیک۔ سعد اصغر۔ دھات چاندی، ذائقہ میٹھا، حالت مشترک۔ عنصر اعداد بادی، آسمان کرسی۔ رنگ سبز و سفید۔ سیارہ قمر۔ پتھر موتی۔ حجر القمر سے تعلق رکھتا ہے۔

**"۲" عدد کا زائچہ**

(برج سرطان۔ ستارہ قمر)

جس شخص کے نام کا مفرد عدد "۲" ہو یا تاریخ کا مفرد عدد "۲" ہو۔

www.ksars.org




خانہ نمبر (۱) سرطان:۔صاحب عدد کے لیے تمام امور بہتر سرانجام ہوں۔نرم دل عقل مند ہو گا۔

خانہ نمبر (۲) اسد:۔قمر میں خانہ میں آئے گا تو آمدن کم ہو جائے گی۔خرید و فروخت میں نقصان ہو گا۔

خانہ نمبر (۳) سنبلہ:۔اپنے بہن بھائیوں سے مفاد ملے گا۔سفر اچھا رہے گا۔

خانہ نمبر (۴) میزان:۔والدہ سے آرام ملے گا۔کام جلد سرانجام ہوں گے۔

خانہ نمبر (۵) عقرب:۔علمی مفاد میں پریشانی ہو گی۔قمر جب اس خانہ میں آئے گا تو محبت میں جدائی ہو گی۔

خانہ نمبر (۶) قوس:۔امراض سے نجات ملے گی۔ماموں اور خالہ سے اچھے تعلقات ہوں گے۔

خانہ نمبر (۷) جدی:۔ازدواجی زندگی کم خوش حال رہے گی۔سفر سوداگری نفع نہ دے گی۔

خانہ نمبر (۸) دلو:۔۵۔۱۵۔۱۶۔۲۴ سال میں حادثہ کا خطرہ ہے۔

خانہ نمبر (۹) حوت:۔تمام کام بہتر ہوں گے۔

خانہ نمبر (۱۰) حمل:۔ہر کام میں پریشانی اور رکاوٹ ہو گی۔

خانہ نمبر (۱۱) ثور:۔ہر کام مفید رہے گا۔دوستوں سے نفع ہو گا۔آمدنی بڑھے گی۔

خانہ نمبر (۱۲) جوزا:۔تمام امور سرانجام ہو جائیں گے۔کم نفع ہو گا۔

مندرجہ بالا باتیں اس وقت واقع ہوں گے جب قمر اسی خانہ اور برج میں آئے گا۔

سرور عالمؐ اور "۲" نمبر عدد

محمدؐ ۹۲ - ۲

www.ksars.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| رسول اللہؐ | ۲۶۳ | – | ۲ |
| خاتم الانبیاءؐ | ۱۱۳۶ | – | ۲ |
| قیامت | ۵۵۱ | – | ۲ |
| عرب کا مختصر عدد | – | ۲ | |
| سکہ کا عدد | | – | ۲ |
| معظمہ | | – | ۲ |
| مدینہ (یثرب) | – | ۲ | |
| منورہ | | – | ۲ |
| ازواج مطہرات | ۱۱ | – | ۲ |
| خدیجہؓ | | – | ۲ |
| آپ کی عمر | ۲۵ | | |
| خدیجہ کی عمر | ۴۰ | – | ۲ |
| | ۶۵ | | |
| حرِا | ۲۰۹ | – | ۲ |
| وصال | ۶۳ | – | ۲ |
| علی | | – | ۲ |
| خیبر (قلعہ) | | – | ۲ |
| رمضان | ۱۰۹۱ | – | ۲ |

قرآن مجید اور "۲" کا عدد

| | | | |
|---|---|---|---|
| قرآن مجید کے کل حروف | ۴۲۱۲۶۵ | = | ۲ |
| قرآن مجید کے کل کلمات جملے | ۷۶۴۳۰ | = | ۲ |
| قرآن مجید میں الف | ۴۸۸۷۲ | = | ۲ |
| قرآن مجید میں ت | ۱۱۹۹ | = | ۲ |
| قرآن مجید میں ف | ۸۴۹۹ | = | ۲ |
| قرآن مجید میں ء | ۴۱۱۵ | = | ۲ |
| قرآن مجید میں پیش | ۸۸۰۴ | = | ۲ |

www.ksars.org

**جسمانی اعضاء اور "۲" کا عدد**

| | |
|---|---|
| کان | ۲ |
| آنکھیں | ۲ |
| ناک کے نتھنے | ۲ |
| ہاتھ | ۲ |
| پاؤں | ۲ |
| ہاتھ پاؤں کی انگلیاں (مفرد) | ۲ |
| گردے | ۲ |
| پھیپھڑے | ۲ |

www.ksars.org

# 3 نمبر عدد کی خصوصیات

اس عدد کا تعلق مشتری سے ہے اچھائی کا نشان ہے یہ عدد اعلیٰ اسپرٹ زندہ دلی ظرافت کا مظہر ہے جن لوگوں کے عدد میں یہ عدد غالب ہو وہ اپنے خیالات کے اظہار کی زبردست خواہش رکھتے ہیں۔ یہ عدد 7 عدد کی خصوصیات کا مرکب بھی ہے۔ ان لوگوں میں انتظامی واتباعی قابلیت نہیں ہوتی بلکہ اس کے حصول کے لئے خاص حکمت عملی کو کام میں لاتے ہیں۔ یہ لوگ شریف النفس ہوتے ہیں۔

### 3 نمبر اعداد والے کچھ لوگ

۔۔۔بڑھا۔ محمد کلیم۔۔عظمت علی۔ محمد ارشد۔۔لیاقت علی

### تعمیری اوصاف

متانت۔ آزادی۔۔اُمید ویقین۔ منطق۔۔ہر دلعزیزی

### تخریبی اوصاف

تکبر۔۔غیر ذمہ داری۔ مکاری۔ نفس پرستی۔ مبالغہ آمیزی۔ یہ عدد ہر کام میں اچھائی کا پہلو دیتا ہے۔ علماء۔۔صلحاء وفضلا اور مذہبی لوگوں کا نمبر ہے۔

### چال چلن

یہ خوشیوں اور غیر متزلزل یقین کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کی زندگی کا مقصد کسی چیز کی بنیادی خصوصیت کا پتہ چلانا ہوتا ہے۔ یہ مطالعاتی حس اور تحریک باریک بینی کے مالک ہوتے ہیں۔ پریشانیوں اور اداسیوں میں گھرے رہتے ہیں دوسروں کو جلد متاثر کر لیتے ہیں مگر خود متاثر ہونے کی علت سے نابلد ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ خود پسندی خود غرضی کا شدت سے شکار ہوتے ہیں۔ یہ اپنے ہی خیالات میں گھرے رہتے ہیں جس کی وجہ سے پریشانی رہتی ہے یہ اپنی خوشی کی خاطر کامیابی حاصل کرنے کے شدت سے متمنی ہوتے ہیں۔ نہایت شدومد سے اس کوشش میں لگے رہتے ہیں تاکہ اپنی تمناؤں کی بار آفرینی سے لطف اندوز ہو سکیں ان کی زندگی رومان پرور ماحول میں بسر ہوتی ہے یہ لوگ بیرونی ممالک کی اشیاء استعمال کرنا فخر سمجھتے ہیں، کاریں، کوٹھیاں رکھنا ان کی زندگی اور مہمان نوازی کا اہم حصہ ہوتی ہیں۔ اچھا لباس خوش خوراکی تخیلاتی لبادے ان کی زیست کو سرگرم رکھتے ہیں۔

### فطرت

مہمان نوازی کے لئے ہمیشہ کمربستہ رہتے ہیں۔ یہ دوسروں کے رنج وغم کو بھلا سکتے ہیں لطیفہ گوئی ان کا خاصہ ہے سامعین کو احسن طریقے سے خوش کر سکتے ہیں۔ نمائش کے دلدادہ ہوتے ہیں روپیہ خرچ کرنے میں اعتدال سے کام نہیں لیتے روپیہ آسانی سے حاصل کر لیتے ہیں اور آسانی سے ہی خرچ کر دیتے ہیں۔ حدِ اعتدال کا تعین نہ کر سکنے کی وجہ سے ہمیشہ تجاوز کا شکار رہتے ہیں۔ کسی کمینہ پن کی طرف مائل نہیں ہوتے کسی معاملے کی اہمیت کو کم کرنے کے بجائے زیادہ اہمیت دینے کے عادی ہوتے ہیں کسی معاملے کی تشہیر میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ دوسروں کے

www.ksars.org

خیالات کی پیروی کرنے سے اُن کو نفرت ہے بلا مقصد کوئی مصیبت سر پر مول نہیں لیتے۔ کسی پر انحصار کرنا یا کسی سے مدد لینا ذلیل فعل تصور کرتے ہیں۔

**حرب**

ان کے حربے بھی عجیب ہوتے ہیں موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے اگر نتیجہ خلافِ توقع آئے تو رنجیدہ نہیں ہوتے۔ اپنی ناکامی کو دلیل کی کسوٹی پر پرکھنے کا اندازہ رکھتے ہیں۔ راہ چلتے کھیل تماشے کی طرف متوجہ ہو کر ضروری کام کا نقصان کر لیتے ہیں مخالف سے نہایت خوش خلقی سے پیش آتے ہیں ان کی خاطر تواضع احسن طریقے سے کرتے ہیں اور کبھی کبھی اپنے حسنِ سلوک سے لوگوں کو اپنا مرید بنا لیتے ہیں۔

**شخصیت**

یہ لوگ کافی حد تک ملنسار اور سماجی خیالات اور عادات کے مالک ہوتے ہیں۔ مہمان نواز کی حیثیت سے ہر جگہ مقبول ہوتے ہیں کیونکہ اپنے طرزِ کلام کی اثر انگیزی سے دوسروں کو فوراً اپنا بنا لیتے ہیں یہ دوسروں پر کبھی کبھی بھروسہ کر لیتے ہیں اور اپنا بوجھ دوسروں پر ڈال کر عار محسوس نہیں کرتے۔

جب یہ تنہائی میں بے حد بوریت محسوس کرتے ہیں تو باغبانی کرنے سے یا گھوم پھر کر تسکین حاصل کر لیتے ہیں ان کے دوستوں کا حلقہ بہت وسیع ہوتا ہے۔

**رومان**

فوراً محبت میں گرفتار ہونے والے ہوتے ہیں۔ محبت میں دوسروں پر یہ ظاہر کرتے ہیں کہ محض نیک نامی کی وجہ سے ہاتھ روک لیا ہے مگر دل میں احساس شدت بہت تیز ہوتا ہے۔ یہ بلاوجہ لڑائی فساد پسند نہیں کرتے۔

**زندگی کی مصروفیات**

ایسے لوگ زیادہ تر ادیب، فوٹو گرافر، مجسٹریٹ، فلاسفر، ٹیچر، لیڈر، آرٹسٹ، ہدایت کار، لائبریرین ہوتے ہیں۔

**مالی حالت**

روپیہ ان کے لئے ہاتھ کا میل ہے۔ جو آنی جانی چیز ہے پارٹی وغیرہ میں تحفے دینا بے حد ضروری سمجھتے ہیں۔

**نکات**

ان لوگوں کے لئے ہر ماہ کی ۳-۱۲-۲۱-۳۰ تاریخیں مفید ہیں۔ منگل، جمعرات، جمعہ مفید دن ہیں۔ ارغوانی رنگ اچھا لگتا ہے یاقوت پتھر مفید ہے۔


یہ عدد مذکر۔ دن منگل۔ سمت جنوب۔ مالک فلک۔ پنجم۔ نحس و نیک۔ اصغر پتھر یاقوت۔ ذائقہ نمکین۔ دھات لوہا۔ حالت جلالی۔ عنصر اعداد آبی۔ آسمان اول۔ رنگ ارغوانی۔ سیارہ مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔

www.ksars.org

## "۳"عدد کازائچہ

(برس قوس ستارہ مشتری)

جس شخص کے نام کا مفرد عدد یا تاریخ پیدائش کا مفرد عدد "۳"ہو۔




خانہ نمبر(۱) قوس:-نیک سیرت تحریر و تقریر کا ماہر خوش مزاج ہو گا۔

خانہ نمبر(۲) جدی:-ضائع شدہ مالی دولت ہاتھ لگے گا۔

خانہ نمبر(۳) دلو:-بھائی بہنوں سے خوشی نہ ہو گی بلکہ پریشانی ہو گی۔

خانہ نمبر(۴) حوت:-والدہ سے سکھ ملے گا تمام کام سرانجام ہوں گے۔

خانہ نمبر(۵) حمل:-اولاد میں لڑکیاں زیادہ ہوں گی۔ تمام کام اوسط درجے کے ہوں گے۔

خانہ نمبر(۶) ثور:-مرض سے نجات ملے گی رشتہ داروں سے مفاد ملے گا۔

خانہ نمبر(۷) جوزا:-ازدواجی زندگی بہتر ہو گی۔ شراکت سے فائدہ ہو گا۔

خانہ نمبر(۸) سرطان:-۴-۵-۷-۹میں سال کی عمر میں احتیاط رکھیں حادثہ کا خطرہ ہے۔

خانہ نمبر(۹) اسد:-سفر مشرق کی طرف ہو گا۔کام اوسط درجے کے ہوں گے۔

خانہ نمبر(۱۰)سنبلہ:-ملازمت میں ترقی ہو گی والدہ سے خوشی ملے گی۔اہلِ قلم لوگوں سے فائدہ ہو گا

خانہ نمبر(۱۱) میزان:-امیدیں مکمل کامیابی سے ہمکنار ہوں گی۔

خنہ نمبر(۱۲) عقرب:-اعلیٰ حکام سے خدشہ رنج و فکر دور ہو گا۔

www.ksars.org

یہ لوگ دماغی کام کرنے والے ہوتے ہیں۔ مطالعہ کے شوقین–عبادت گزار سفری آدمی ہیں۔ ان کے دماغی امراض میں مراق، ضعف دماغ ،مالیخولیا پاگل پن جیسے عوارضات آتے ہیں۔ اس کا مکمل و مجرب حتمی علاج یہ ہے کہ

مغز بادام شیریں ایک چھٹانک ، دھنیا خشک ایک چھٹانک، لوبان ایک چھٹانک، خشخاش ایک چھٹانک ، الائچی خورد سبز ایک چھٹانک کوٹ کر سفوف بنالیں۔ اور ایک پاؤ مصری ملالیں۔ ایک چمچہ کھانا کھانے کے بعد صبح و شام تازہ دودھ سے استعمال کریں۔

یہ ایک مفید دماغی ٹانک ہے اس کے اثرات جامع ہیں آزمانے کے بعد معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ نسخہ بے خطا تیر ہے۔

**قرآن مجید اور ۳ نمبر عدد**

| | | |
|---|---|---|
| قرآن مجید میں ر کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن مجید میں ش کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن مجید میں غ کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن مجید میں لا کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن مجید میں ف کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن مجید میں ل کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن مجید میں و کی تعداد مفرد | – | ۳ |
| قرآن کے کل پارے مفرد | – | ۳ |
| نفل نمازیں | – | ۳ |
| ظہر کی رکعتیں مفرد | – | ۳ |
| تہجد کی رکعتیں مفرد | – | ۳ |
| ہاتھ کی انگلیوں میں خانے | – | ۳ |
| ہاتھ میں لازمی لکیریں | – | ۳ |
| قرآن میں ابراہیمؑ کا نام مفرد | – | ۳ |
| قرآن میں اسمٰعیلؑ کا نام مفرد | – | ۳ |
| قرآن میں الیاسؑ کا نام مفرد | – | ۳ |

www.ksars.org

# "۴" نمبر عدد کی خصوصیات

یہ عدد ستارہ یورنس یا سکینہ سے تعلق رکھتا ہے۔ تحمل، مضبوطی طبع، انصاف پسندی، اچھی شخصیت کا علمبردار ہے۔

**"۴" نمبر اعداد والے لوگوں کے نام**

روڈا۔ محمد تسنیم۔ محمد افضل۔ مبشر علی۔ افتخار احمد۔ محمد علی۔ ایوب خان۔

**"۴" چال چلن**

یہ لوگ انڈسٹری کی ریڑھ کی ہڈی ہوتے ہیں۔ اصول کے پابند اور قابل اعتماد ہوتے ہیں۔

**فطرت**

مجلسی اصلاحی کا مادہ ان کے اندر زیادہ ہوتا ہے ان کی بات وزنی ہوتی ہے۔ حکومت کا تختہ الٹنے میں ان لوگوں کا ہاتھ ہو سکتا ہے۔

**شخصیت**

یہ لوگ دوست کا زندگی بھر ساتھ دیتے ہیں۔ مادہ پسندی سے کام لیتے ہیں۔ اچھے بُرے کی قوت امتیاز سے بابلد ہوتے ہیں۔

**زندگی کی مصروفیات**

انجینئرنگ ان کے لئے اچھی ہے۔ معاملہ کی گہرائی تک پہنچ جاتے ہیں۔ غوروخوض کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ ریاضی دان، اکاؤنٹینٹ، خزانچی، ٹھیکیدار، اور کامیاب سائنسدان بن سکتے ہیں۔

**رومان**

یہ لوگ آسانی سے محبت میں گرفتار نہیں ہوتے، شادی کے لئے بھی جلدی سے کام نہیں لیتے۔ ان کے نزدیک مشکلات میں پھنس کر ہی مسکرانا زندگی کا نصب العین ہے۔ محبت میں ہیجان خیزی کا شکار رہتے ہیں۔

محبت میں ناکام ہونے پر امراض ذہنی و قلبی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ناواقف لوگوں پر اعتقاد نہیں کرتے۔

**مالی حالت**

ان لوگوں کی مالی حالت کبھی ابتدا میں بہت اچھی ہوتی ہے تو آخر میں بہت کمزور ہو جاتی ہے اور کبھی اول بہت کمزور رہتی ہے بعد میں خوشحال رہتے ہیں۔ روپیہ ان کے نزدیک بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ روپیہ کو سوچ سمجھ کر خرچ کرتے ہیں۔ بے جا فضول خرچی میں ہرگز نہیں گنواتے۔ روپیہ کے حصول کے لئے بہت سے کاروبار ایک ہی وقت میں کرتے رہتے ہیں۔ بہت اونچے درجے کی اشیاء نہیں خریدتے بلکہ ہر معاملہ میں ہلکی اور سستی اشیاء کا تعین کرتے ہیں۔

www.ksars.org

**نکات**


ان لوگوں کے لئے کسی بھی ماہ کی 4۔13۔22 تاریخیں مفید ہیں۔ان کی خوش بختی کا دن سنیچر ہے۔رنگوں میں سبز بھورا اچھا ہے۔لکی پتھر نیلم ہے۔

یہ عدد مخنث۔دن بدھ۔اطراف جنوب مغربی۔کونہ۔مالک فلک دوئم۔نحس ونیک مساوی۔پتھر نیلم، زمرد، پکھراج۔ذائقہ شور۔دھات جست ۔حالت مشترک۔عنصر اعداد خاکی۔آسمان دوئم۔رنگ آسمانی۔سیارہ عطارد سے تعلق رکھتا ہے۔

"۴" عدد کا زائچہ

(برج دلو ستارہ یورنس)

جن لوگوں کے نام یا تاریخ پیدائش کا مفرد "۴" ہو۔




| | |
|---|---|
| خانہ نمبر (۱) | دلو:-یہ ایک بار جیل جانا پڑے گا۔فسادی ہو گا۔ |
| خانہ نمبر (۲) | حوت:-تجارت کاروبار میں نفع ہو گا۔ |
| خانہ نمبر (۳) | حمل:-عزیزوں سے مفادنہ اُٹھائے گا۔ |
| خانہ نمبر (۴) | ثور:-مال ہاتھ آئے گا خوشحال زندگی گزارے گا۔ |
| خانہ نمبر (۵) | جوزا:علم کی زیادتی ہو گی۔صاحبِ اولاد ہو گا۔ |
| خانہ نمبر (۶) | سرطان:-عداوت دور ہو گی۔آرام ملے گا۔ |
| خانہ نمبر (۷) | اسد:-ازدواجی زندگی بہتر ہو گی ایک سے زیادہ نکاح کرے گا۔ |
| خانہ نمبر (۸) | سنبلہ:-میراث ملے گی۔حادثات کا شکار ہو گا۔ |

www.ksars.org

خانہ نمبر (۹) میزان:- مذہبی معاملات میں دلچسپی ہو گی

خانہ نمبر (۱۰) عقرب:- والدہ سے ناراضگی ہو گی پریشانی ہو گی۔

خانہ نمبر (۱۱) قوس:- اُمیدیں پوری ہوں گی لوگ نقصان پہنچائیں گے لیکن کچھ نقصان نہ ہو گا۔

خانہ نمبر (۱۲) جدی:- مال و تجارت میں نفع ہو گا قیدی ہے تو رہا ہو گا۔

**"۴" عدد کے چار، چار جوڑے**

| | | |
|---|---|---|
| اشہر الحرام | - | ۴ |
| ملائکہ مقربین | - | ۴ |
| افضل کتب | - | ۴ |
| وضو کے فرائض | - | ۴ |
| افضل تسبیحات | - | ۴ |
| سال کے موسم | - | ۴ |
| مہینے کے ہفتے | - | ۴ |
| سال کی فصلیں | - | ۴ |
| کیفیات | - | ۴ |
| خلفائے راشدین | - | ۴ |
| اللہ کے حروف | - | ۴ |
| محمد کے حروف | - | ۴ |
| احمد کے حروف | - | ۴ |
| مبارک راتیں | - | ۴ |
| قرآن مجید میں و (مفرد) | - | ۴ |
| قرآن مجید میں **خ** (مفرد) | - | ۴ |
| قرآن مجید میں **ع** (مفرد) | - | ۴ |
| قرآن مجید میں **مکی** سورتیں (مفرد) | - | ۴ |
| قرآن مجید میں **یونسؑ** کا نام (مفرد) | - | ۴ |
| قرآن مجید میں **ایوبؑ** کا نام (مفرد) | - | ۴ |

چار طبائع (حرارت۔ برودت۔ یبوست۔ رطوبت)

چار ارکان جسم (آگ۔ ہوا۔ مٹی۔ پانی)

www.ksars.org

| | | |
|---|---|---|
| چار اغلاط (صفرا۔ خون۔ بلغم۔ سودا) | | |
| نماز فجر کی رکعتیں | - | ۴ |

www.ksars.org

# "۵"نمبر عدد کی خصوصیات

یہ عدد عطارد سے متعلق ہے۔ جلد بازی، سلجھے ہوئے ذہن، بہادری سے تعلق بھی رکھتا ہے یہ لوگ جلد باز فوراً غصہ سے بے قابو ہو جانے والے ہوتے ہیں۔ مصروف زندگی کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کے نزدیک آرام بے مقصد زندگی ہے۔ یہ ہر وقت مصروفِ عمل رہنا اپنی زندگی کا منشا سمجھتے ہیں یہ لوگ منصوبہ بندی کے قطعی خلاف ہیں۔ بے چینی اور مفلوج ذہن کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ لوگ ربر کی طرح پھیل اور سکڑ جاتے ہیں۔ یہ لوگ لکیر کے فقیر بھی بنے رہتے ہیں لیکن وقت کی رفتار کے ساتھ ساتھ بدلتے جاتے ہیں۔

**"۵"عدد والے کچھ لوگوں کے نام**

باغ علی۔ محمد اعظم۔ محمد یوسف۔ محمد امجد۔ مقصود احمد۔ محمد قاسم

**فطرت**

یہ لوگ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والے ہوتے ہیں۔ دل کے گہرے نہیں ہوتے۔ یہ درمیانی عدد ہے اس لیے ایسا شخص ہر بات کے متعلق تھوڑا تھوڑا علم ضرور رکھتا ہے۔ یہ لوگ نہایت تیز فہم ہوتے ہیں۔ جلد ہی کسی امر کی تہہ تک پہنچ جاتے ہیں۔ موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے۔ روشن دماغ ہونے کی وجہ سے دماغی لحاظ سے چست وچالاک اور ہوشیار ہوتے ہیں۔ ان میں ثابت قدمی اور استقلال نہیں ہوتا۔

بعض اوقات کسی کام کی ابتدا میں مشکلات سے دل برداشتہ ہو کر تکمیل کا خیال چھوڑ دیتے ہیں اور پھر نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کم طاقت والے لوگ سبقت لے جاتے ہیں۔ یہ لوگ نئی نئی اختراعات کرتے ہیں۔ ان کے دل و دماغ آزاد ہوتے ہیں ان کی زندگی سیر و سیاحت، نقل و حرکت، گھر بنانے جیسے پسندیدہ مشغلے اور فنِ تحریر و تقریر میں گزرتی ہے۔

**کمزوری**

ان لوگوں کو راز کی بات ہرگز نہ بتائیں ورنہ لڑائی جھگڑے موقع پر راز افشا کر دیں گے۔ یہ حقائق اور دلائل کو پسند کرتے ہیں۔ ایک لمبے عرصے تک فکر میں مبتلا رہتے ہیں۔ مستقل مزاج کے سامنے صبر و تحمل کھو بیٹھتے ہیں۔

**شخصیت**

یہ لوگ آزاد خیال اور خود سر ہوتے ہیں ویرانی ان کے نزدیک اچھی نہیں۔ ان کے دل میں بے صبر اپن بھی موجود ہوتا ہے۔ فوراً موقع سے ہٹ جانا ان کے لیے کوئی عار کی بات نہیں خوش گپیں بازی۔ دوستوں سے مل کر خوش رہنا ان کی فطرت ثانیہ ہے۔ یہ لوگ موقع شناسی کے ساتھ ساتھ ابن الوقتی کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ غصہ کے عالم میں ان کی زبان لکنت کا شکار ہو جاتی ہے۔

**رومان**

یہ دوسروں کو جلد متوجہ کر سکتے ہیں۔ محبت کے معاملے میں گرم جوش جذباتی کیفیت کے مالک ہوتے ہیں۔ غیر فانی محبت کے قائل ہوتے۔ ان کی اکثر محبت اپنے ہی رشتہ داروں میں ہوتی ہے۔

www.ksars.org

## زندگی کی مصروفیات

یہ لوگ کامیابی فی الفور حاصل کر لیتے ہیں مگر قابلیت ضروری ہے۔ فوٹو گرافی، نامہ نگاری، ہوٹل چلانا، قانون داں، ڈاکٹر، ہوا باز اور شکاری اچھے بن سکتے ہیں۔ یہ لوگ جان جوکھوں والے کاموں میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ نہایت خوشی اور جوش و خروش سے میدانِ عمل میں آتے ہیں۔ مستقل مزاجی اور ثابت قدمی کو عموماً تیز فہمی اور وسعتِ ذرائع سے پورا کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ تخیل اور غور و خوض سے محروم نہیں ہوتے۔ ان کے پاس کبھی بہت دولت ہوتی ہے اور کبھی خالی ہاتھ بھی ہوتے ہیں۔

## تعمیری اوصاف

قوت امتیاز، خوش گفتاری، نکتہ شناسی جولانی طبع، قدیم خیالات میں نئی زندگی کی روح پھونکنے میں کمال رکھتے ہیں۔

## تخریبی اوصاف

متزلزل، بے وفائی، غرور، نکتہ چینی، خودستائی، دھوکہ بازی۔

## نکات


ان لوگوں کے لیے کسی ماہ کی ۲۳، ۱۴، ۵ تاریخ کو کام کا آغاز کرنا مفید رہے گا۔ سفید رنگ ان کے لیے اچھا ہے۔ پتھروں میں پکھراج مفید ہے۔

یہ عدد مذکر۔ دن جمعرات۔ اطراف مغرب۔ مالکِ فلک ششم۔ نحس و نیک۔ سعد اصغر پتھر، ہیرا، پکھراج۔ ذائقہ میٹھا۔ دھات قلعی۔ حالت جلالی۔ عنصر اعداد آتشی۔ آسمان سوئم۔ رنگ ہر قسم کا۔ سیارہ مشتری سے تعلق رکھتا ہے۔

## "۵" عدد کا زائچہ

(برج جوزا ستارہ عطارد)

جس شخص کی تاریخ پیدائش یا نام کے اعداد کا مفرد عدد پانچ ہو۔




www.ksars.org

خانہ نمبر(۱) جوزا:-دشمن پر غالب رہے گا۔جسمانی حالت اچھی رہے گی۔

خانہ نمبر(۲) سرطان۔تجارت سے نفع حاصل ہو گا۔موسیقی سے دلچسپی ہو گی۔

خانہ نمبر(۳) اسد:-عزیزوں سے دشمنی ہو گی۔سفر کامیاب نہ ہو گا۔

خانہ نمبر(۴) سنبلہ:-والد کی شفقت ملے گی۔تمام امور میں فائدہ ہو گا۔

خانہ نمبر(۵) میزان:-اولاد اور محبوب سے راحت ملے گی۔علم بڑھے گا۔لڑکیاں زیادہ ہوں گی۔

خانہ نمبر(٦) عقرب:-جسمانی تکلیف ہو گی۔فتح شکست میں بدل جائے گی۔

خانہ نمبر(۷) قوس:-مقدمات سے فائدہ ہو گا۔تجارت نفع دے گی۔

خانہ نمبر(۸) جدی:-۳،۵،۸،۱۰،۱۸،۲۰،۲۸ سال میں خطرہ ہے۔

خانہ نمبر(۹) دلو:-حالات نہایت خراب ہو جائیں گے۔

خانہ نمبر(۱۰)حوت:-والد سے فائدہ ہو گا۔عزت بڑھے گی۔ترقی ہو گی۔

خانہ نمبر(۱۱) حمل:-خرچ بڑھ جائے گا،پریشانی میں اضافہ ہو گا۔

خانہ نمبر(۱۲)ثور:-خرچ کا تناسب پورا ہو جائے گا،مرض دور ہو جائے گا۔

ان لوگوں کی صحت اگر خراب ہو جائے یا کمزوری محسوس کریں تو مندرجہ ذیل نسخہ اکسیرِ اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

عود،لونگ،لوبان،الائچی خورد،جدوار ایک ایک تولہ لے کر کوٹ لیں۔ایک پاؤ شہد خالص میں ملا کر روزانہ صبح و شام نصف چمچہ استعمال کریں۔

www.ksars.org

**قرآن مجید اور "۵" نمبر عدد**

| | |
|---|---|
| قرآن مجید میں **ک** مفرد | ۵ |
| قرآن مجید میں **ن** مفرد | ۵ |
| قرآن مجید میں **ص** مفرد | ۵ |
| قرآن مجید میں **ظ** مفرد | ۵ |
| قرآن مجید میں **سجدے** مفرد | ۵ |
| قرآن مجید میں حروف **مقطعات** | ۵ |
| قرآن مجید میں حضرت **یحیٰؑ** کا نام | ۵ |
| قرآن مجید میں **ملائکہ** کا ذکر مفرد | ۵ |

**انسان اور ۵ نمبر عدد**

| | |
|---|---|
| حواس خمسہ | ۵ |
| چہرے میں سوراخ | ۵ |
| ایک ہاتھ کی انگلیاں | ۵ |
| ایک پاؤں کی انگلیاں | ۵ |
| دانتوں کی مفرد تعداد | ۵ |
| دن رات میں فرض نمازیں | ۵ |
| نماز جمعہ کی رکعتیں مفرد | ۵ |

www.ksars.org

# "۶" نمبر عدد کی خصوصیات

یہ عدد زہرہ سے متعلق ہے۔ متوازن، پر سکون پر وقار شخصیت کا اظہار کرتا ہے۔

**چال چلن**

یہ لوگ قابلِ بھروسہ متوازی ذہن ہوتے ہیں۔ خوش خلقی کی وجہ سے مقبول ہوتے ہیں۔ ان کی زندگی پر سکون گزرتی ہے۔ کچھ نشیب وفراز بھی آتے ہیں یہ لوگ والدین کے بڑے وفادار ہوتے ہیں۔ گھبراہٹ پریشانی کا جلد شکار ہو جاتے ہیں۔ جب تک تفصیل سے باخبر نہ کیا جائے پریشانی کا اثر ان پر غالب رہتا ہے۔

**فطرت**

خوبصورتی اور قدرتی مناظر کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ ملنسار، فنون لطیفہ کے مشتاق، سفر کے شیدائی ہوتے ہیں۔ راگ رنگ سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ بے قاعدگی کو ناپسند کرتے ہیں۔ عموماً کھانسی کا شکار رہتے ہیں۔ ان لوگوں کو گرم تاثیر والی اشیاء کھانے سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ یہ دولت جمع کرنے کا شوق بھی رکھتے ہیں اور دوسروں کے نقائص ڈھونڈنے کی عادت بھی رکھتے ہیں۔

**شخصیت**

غصہ ان کی طبیعت کا لازمی جزو ہوتا ہے۔ گھر میں نفاست پسندی کے شائق ہوتے ہیں۔ موسیقی پسند کرتے ہیں۔ مہمان نواز ہوتے ہیں۔ رحم دل، پر خلوص، مددگار اور ہر دل عزیز ہوتے ہیں۔

**رومان**

جلد سے کسی کی محبت میں گرفتار نہیں ہوتے اور اگر محبت کرلیں تو پھر لافانی کے قائل ہوتے ہیں اور اسی سے شادی کا تصور رکھتے ہیں۔ محبوب کی خاطر جان جوکھوں میں ڈال دیتے ہیں۔ محبوب کی ہر شے کو اپنے آنکھوں پر رکھتے ہیں۔

**زندگی کی مصروفیات**

تحریر و تقریر، نقاشی، واقعات نگاری ان کی فطرت ہے۔ یہ لوگ ادب، آرٹ کی خاطر زندگی بھر کی غلامی قبول کرلیتے ہیں۔ یہ لوگ ڈاکٹر، ٹیچر، سماجی کارکن، کیمسٹ، نرس، لیڈر بننا پسند کرتے ہیں۔ ان کی مالی حالت عام طور پر پریشان کن ہوتی ہے۔

**نکات**

ان لوگوں کے لئے ۶، ۱۵، ۲۴ تاریخیں اچھی ہیں۔ جمعہ کا دن مبارک ہے۔ یہ عدد مؤنث دن جمعہ، اطراف شمال، کونہ مغربی، مالک فلک سوئم، نحس و نیک، نحس اکبر، پتھر نیلم، فیروزہ، ذائقہ درمیانہ، دھات میں حالت جلالی، عنصر اعداد بادی، آسمان چہارم، رنگ نیلا گلابی، سیارہ زہرہ سے تعلق رکھتا ہے۔

**خوبیاں**

www.ksars.org

اُمید پرستی، سحر آفرینی، خود اعتمادی، موافقت شائستگی، خوبصورتی، مہمان نوازی، ہمدردی کے لئے وقف ہو جانا۔


**برائیاں**

غرور، تکبر، فضول خرچی، حسد، قوتِ ارادی کا نہ ہونا، نمائش کرنا۔

## "٦" عدد کا زائچہ

(برج میزان ستارہ زہرہ)

جس شخص کے نام یا تاریخ پیدائش کا مفرد عدد "٦" ہو۔




خانہ نمبر (۱) میزان:-روزی فراخ ہو گی۔ بزرگوں کی عزت کرنی چاہیئے۔

خانہ نمبر (۲) عقرب:-ذریعہ معاش میں نقصان ہو گا۔ یعنی برا زمانہ ہے۔

خانہ نمبر (۳) قوس:-حملہ ہو گا۔ لیکن دشمن ناکام رہے گا۔ سفر فائدہ مند ہو گا۔

خانہ نمبر (۴) جدی:-والدہ کی طرف سے سکھ ملے گا لیکن دولت ہاتھ نہ آئے گی۔

خانہ نمبر (۵) دلو:-اولاد صالح ہو گی۔ محبت میں جدائی ہو گی۔

خانہ نمبر (٦) حوت:-امراض آئیں گے۔ کچھ تکلیف برداشت کرنی پڑے گی۔

خانہ نمبر (۷) حمل:-غیر ممالک کا سفر درپیش آئے گا۔ شادی جلد ہو گی۔

خانہ نمبر (۸) ثور:-۷، ۱۲، ۱۹، ۲۸، ۴۳ سال کی عمر میں حادثہ کا خطرہ ہے۔

خانہ نمبر (۹) جوزا:-ہر کام میں کامیابی ہو گی۔

خانہ نمبر (۱۰) سرطان:-روزگار میں ترقی ہو گی۔ عزت ملے گی۔

www.ksars.org

خانہ نمبر (۱۱) اسد:-لوگوں سے فائدہ ہو گا۔خوشی ملے گی۔

خانہ نمبر (۱۲) سنبلہ:-دشمن پر غالب رہے گا۔لیکن پھر بھی محتاط رہے۔

**"۶"عدد کے چھکے**

| | |
|---|---|
| احادیث کی مشہور **کتب** کی تعداد | ۶ |
| قرآن مجید میں **زبر** کی تعداد (مفرد) | ۶ |
| قرآن مجید میں **سورتوں** کی تعداد (مفرد) | ۶ |
| قرآن مجید میں **ملائکہ** کے نام | ۶ |
| قرآن مجید میں **س** کی تعداد مفرد | ۶ |
| قرآن مجید میں **ج** کی تعداد مفرد | ۶ |
| قرآن مجید میں **ز** کی تعداد مفرد | ۶ |
| قرآن مجید میں **نقطے** مفرد | ۶ |
| قرآن مجید میں کل **آیات** مفرد | ۶ |
| کرکٹ کی **بالیں** | ۶ |
| کرکٹ کی ایک ہی عظیم **شارٹ** کے رنز | ۶ |
| اوابین کے **نوافل** | ۶ |

www.ksars.org

# ۷ نمبر کی خصوصیات

یہ عدد نیچون سے متعلق ہے۔ علم اور مطالعہ فہم فراست خیالات کا مالک ہے۔ یہ عدد غیب دانی سے وابستہ ہے۔

**"۷" عدد والے کچھ لوگوں کے نام**

محمد سلیم۔ محمد ندیم۔ سرفراز احمد۔ مظفر علی۔ منظور احمد۔ محمد انور۔ محمد اشرف۔ حبیب عالم وغیرہ

**تعمیری اوصاف**

نفس کشی۔ سکون پسندی۔ قوت برداشت۔ مفکر۔ خاموشی۔

**تخریبی اوصاف**

مایوسی۔ بے آرامی۔ بے ضبطی۔ جذبہ کمتری۔ نقاد۔ ترش رو۔

**چال چلن**

یہ لوگ باریک بین۔ دور اندیش۔ تجسس پسند ہوتے ہیں۔ ہر وقت مصروف رہتے ہیں۔ سفر کے شائق ہوتے ہیں۔ اپنی رائے پر قائم رہتے ہیں۔ سادگی پسند ہوتے ہیں۔ قوت ارادی پر یقین اور بھروسہ کرتے ہیں۔

**فطرت**

یہ غلطی کے کم شکار ہوتے ہیں۔ اپنا وقار قائم رکھتے ہیں۔ بات چیت مختصر کرتے ہیں۔ مستقل مزاج اور ضدی قسم کے ہوتے ہیں۔ ایمانداری اور ثابت قدمی سے کام کرتے ہیں۔ ہوشیار ہوتے ہیں۔ گوشہ نشینی اختیار کر کے روحانی طاقت بڑھاتے ہیں۔ امن پسند ہوتے ہیں۔ ہر وقت نئی نئی حقیقتوں کے انکشافات کی توقع رکھتے ہیں۔ مراقبہ پسند، مطالعہ پسند، منطقی، پارسا، خیالات میں غرق رہنے والے ہوتے ہیں۔ نمائشی دوست ان کی زندگی کو سخت دھکا پہنچانے کا باعث بنتے ہیں۔ ان لوگوں کو زندگی میں غیر متوقع مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ لوگ ہر چیز کی تہہ تک پہنچ جاتے ہیں۔

**شخصیت**

یہ محتاط اور شرمیلا پن ہونے کی وجہ سے جلد دوست بنا لیتے ہیں۔ یہ مبلغ قسم کے ہوتے ہیں۔ مذہبی روحانی خیال کے ہوتے ہیں۔ تحقیقاتی کام خوب شوق سے کرتے ہیں۔

**شادی**

ان کی شادی جلد ہو جاتی ہے یا پھر غیر مسئلہ راہ میں حائل ہو کر بہت عرصہ لگ جاتا ہے۔ یہ لوگ اپنی بیوی سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔

**زندگی کی مصروفیات**

www.ksars.org

یہ لوگ جلد ہی کاروباری زندگی میں آجاتے ہیں۔ مصنف، فنکار، آرٹسٹ، معلم، حکیم، ڈاکٹر بن سکتے ہیں۔ جہاں بیماری ہوتی ہے وہاں ان کا دل مطمئن رہتا ہے۔ ان کی مالی حالت درمیانی رہتی ہے۔ کبھی دولت کے انبار ہوتے ہیں کبھی کبھی پیسہ پیسہ کے محتاج ہوتے ہیں۔ یہ لوگ دولت جمع کرنے کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے جو آیا اسے استعمال کر لیتے ہیں۔

**نکات**

ان لوگوں کے لیے سوموار کا دن اچھا ہے۔ کسی بھی ماہ کی ۲۵، ۱۶، ۷ تاریخیں مفید ہیں۔ یہ عدد مخنث۔ دن سنیچر اطراف شمال۔ مالک فلک ہفتم ۔ نحس و نیک، سعد اکبر۔ پتھر لاجورد۔ نیلم۔ ذائقہ بد مزہ۔ دھات سیسہ۔ حالت جلالی۔ عنصر اعداد آبی۔ آسمان پنجم۔ رنگ سفید، سبز، زرد سیارہ زحل سے تعلق رکھتا ہے۔

مندرجہ بالا باتوں سے یہ مراد ہے کہ ان لوگوں کے لیے یہ باتیں یا اشیاء مفید ہیں۔

**"۷" کا عدد**

سات کے عدد کو بہت مقدس سمجھا جاتا ہے ہر کلام جو مریض پر یا گانٹھ پر دم کیا جاتا ہے، اسے سات بار ہی پڑھا جاتا ہے۔ سات پھونکیں ماری جاتی ہیں اور سات ہی گانٹھیں دی جاتی ہیں۔

سات کا عدد ۳ اور ۴ سے مرکب ہے۔ دنیا کی تخلیق سات دن میں مکمل ہوئی۔ ہفتہ کے دن سات ہی مقرر ہوئے۔ یہودیوں کی تین بڑی ضیافتیں سات دن تک رہتی ہیں۔ پہلی اور دوسری ضیافت کے درمیان سات ہفتوں کا وقفہ ہوتا ہے۔ عزیز مصر نے خواب میں سات ہری بھری بالیاں اور سات دبلی پتلی گائیں دیکھی تھیں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے اس خواب کی تعبیر با فراغت سات سالوں اور سات خشک سالوں سے کی تھی۔

قرآن مجید میں سات دروازے، سات سمندر، سات راتیں۔ آسمان میں سات راستوں کا ذکر آیا ہے۔

ہر سات سال کے بعد انسانی جسم کے رگ و ریشے تبدیل ہو جاتے ہیں اور ان کی جگہ نئے پیدا ہو جاتے ہیں۔

بعض امراض میں ساتواں، چودھواں اور اکیسواں دن بحران والا ہوتا ہے جس میں مریض شفایاب ہوتا یا مر جاتا ہے۔

روشنی کو دیکھا جائے تو اس میں سات ہی رنگ ہوتے ہیں۔

سات سر۔ سا۔ رے۔ گا۔ ما۔ پا۔ دھا۔ نی۔ مشہور ہیں۔


قرآن مجید کی سات منزلیں۔ سات آسمان۔ سال میں مفرد سات ہفتے۔ ہفتے میں سات دن

**"۷" عدد کا زائچہ**

ستارہ نیپچون برج حوت

جس شخص کے نام یا تاریخ پیدائش کا عدد مفرد ۷ ہو۔

www.ksars.org




خانہ نمبر (۱) حوت:۔ علم و حکمت کی طرف رغبت ہو گی۔

خانہ نمبر (۲) حمل:۔ معاش کی فکر رہے گی۔ تجارت میں خرابی واقع ہو گی۔

خانہ نمبر (۳) ثور:۔ خوشیاں نصیب ہوں گی۔ بھائی بہنوں پر حکمرانی ہو گی۔

خانہ نمبر (۴) جوزا:۔ خویش اقارب میں عزت ہو گی۔

خانہ نمبر (۵) سرطان:۔ زر سے مالا مال ہو گا۔ جملہ امور میں کامیابی ہو گی۔

خانہ نمبر (٦) اسد:۔ درد شکم کی تکلیف رہے گی۔ دشمن حملہ کریں گے۔

خانہ نمبر (۷) سنبلہ:۔ بیوی سے سکھ نہ ملے گا

خانہ نمبر (۸) میزان:۔ قرضہ ادا ہو گا۔ عورت سے دولت ملے گی۔ ۴۰،۲۰،۷،۳ سال کی عمر میں خطرات آنے کا امکان ہے۔

خانہ نمبر (۹) عقرب:۔ علمی ترقی رُک جائے گی، سفر سے نقصان ہو گا۔

خانہ نمبر (۱۰) قوس:۔ عزت بڑھے گی۔ والد سے خوشی ملے گی۔

خانہ نمبر (۱۱) جدی:۔ اُمیدیں تاخیر سے پوری ہوں گی۔

خانہ نمبر (۱۲) دلو:۔ سزا ملے گی۔ دشمن غالب رہیں گے۔ لیکن انجام اس کے حق میں ہو گا۔

www.ksars.org

# "۸" نمبر عدد کی خصوصیات

یہ زحل سے، تعلق ہے۔ فلسفیانہ خیالات، صحت کا دلدادہ اور عزت وجاہ چاہتا ہے۔ اس کا تعلق مایوسی سے ہے اور یہ اپنی رائے کا اظہار نہیں کر سکتا۔ اس کو ہر وقت کوئی نہ کوئی خطرہ رہتا ہے۔

**تعمیری اوصاف**

اعتبار، خوداعتمادی، صبر، محنت، خاموشی سے رہنا، دولت کی پرواہ نہ کرنا۔

**تخریبی اوصاف**

تنہائی پسند، نااُمید، تقدیر پرستی، مادہ پرستی۔

**چال چلن**

یہ عقلمند اور قابلِ عزت لوگ ہوتے ہیں۔ ہمدرد مخلص، مفکرانہ ذہنیت اور بردبارانہ صلاحیتوں سے زندگی کے عذاب کو سنجیدگی سے جذب کر لیتے ہیں۔ یہ زیادہ تر اپنی بہ نسبت دوسروں کی بھلائی اور خوشی کو ترجیح دیتے ہیں۔ مرنے کے بعد شہرت پاتے ہیں۔

**شخصیت**

یہ لوگ لڑائی جھگڑے میں کم پڑتے ہیں۔ کم اولاد چاہتے ہیں۔ جل غصہ میں آجاتے ہیں۔ مضطرب فطرت کے بھی شکار ہوتے ہیں۔ روزانہ نئی نئی تحقیقات کرتے ہیں۔ سکون پذیر سے ناآشنا ہوتے ہیں۔

**موافق پیشہ**

ان میں دوسروں کی مدد کرنے کا جذبہ ہوتا ہے۔ اس لیے ٹیچر، ڈاکٹر، فلاسفی، شاعر، اچھے بن سکتے ہیں۔

**مالی حالت**

ان کی مالی حالت درمیانی ہوتی ہے۔ دولت کے حصول کے لیے کئی پاپڑ ایک ساتھ نہیں بیلتے۔

**نکات**

کسی بھی ماہ کی ۸، ۱۷، ۲۶ تاریخیں ان کے لیے اہم ہیں۔ سیاہ ہیرا مفید پتھر ہے۔

یہ عدد مذکر، دن بدھ، اطراف شمال مشرقی کونہ، مالک فلک (خالی) نحس و نیک، نحس اکبر، پتھر سیاہ نیلم، موتی یا ہیرا، ذائقہ بدمزہ، دھات نکل، حالت جلالی عنصر اعداد خاکی، آسمان ششم، رنگ قرمزی، گلابی، سیارہ راس (زحل) سے تعلق رکھتا ہے۔

**قرآن مجید اور ۸ کا عدد**

| | |
|---|---|
| قرآن مجید میں ط مفرد | ۸ |
| قرآن مجید میں ذ مفرد | ۸ |


www.ksars.org

| | |
|---|---|
| قرآن مجید میں ہ مفرد | ۸ |
| قرآن مجید میں **مدنی** سورتیں مفرد | ۸ |
| قرآن مجید میں **صالحؑ** کا نام مفرد | ۸ |
| قرآن مجید میں **سلیمانؑ** کا نام مفرد | ۸ |

## "۸" عــــدد کا زائچــہ

(برج جدی ستارہ زحل)

جس شخص کے نام یا تاریخ پیدائش کا عدد ۸ ہو۔




خانہ نمبر(۱) جدی:- کبھی غم ہو گا کبھی خوشی ملے گی۔

خانہ نمبر(۲) دلو:-چالیس سال کے بعد قسمت میں ردوبدل واقع ہو گا۔

خانہ نمبر(۳) حوت:-عزیزو اقارب عزت کریں گے۔

خانہ نمبر(۴) حمل:-لڑائی جھگڑے کا خطرہ ہو گا۔

خانہ نمبر(۵) ثور:-اولاد سے سکھ ملے۔ لڑکیاں زیادہ ہوں گی۔

خانہ نمبر(۶) جوزا:-پریشانیاں کثرت سے ہوں گی۔

خانہ نمبر(۷) سرطان:-لوگوں سے مفاد حاصل ہو گا۔

خانہ نمبر(۸) اسد:-۲،۵،۲۰،۴۰ سال کی عمر میں اہم حادثے آئیں گے۔

خانہ نمبر(۹) سنبلہ:-غیر ملکی سفر درپیش آئے گا۔

www.ksars.org

خانہ نمبر(۱۰)     میزان:-والد سے مدد ملے گی۔زندگی اچھی بسر ہو گی۔

خانہ نمبر(۱۱)     عقرب:- آمدنی میں نقصان ہو گا۔

خانہ نمبر(۱۲)     قوس:- تمام کام سرانجام ہوں گے۔نہایت احسن طریقے سے مسائل کا حل ہو جائے گا۔

www.ksars.org

# "۹" نمبر عدد کی خصوصیات

یہ عدد مریخ سے متعلق ہے۔ مضبوط قوت، جلال و جذبے کا حامل ہے۔ جنگ میں کامیابی کی نشانی ہے۔

## "۹" عدد کے لوگوں کے نام

قائد اعظم محمد علی جناح۔ اعجاز احمد۔ عزیز عالم۔ رشید احمد

## چال چلن

یہ مستحکم عزم والے لوگ ہوتے ہیں۔ ان کی قوت ارادی کے آگے لوہا پگھل سکتا ہے۔ پہاڑ ہل سکتے ہیں دریا اپنا رخ بدل سکتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی ذات پر بھروسہ کرنے والے ہوتے ہیں، اور یہی طرز عمل انہیں اپنے مقصد میں کامیاب بناتا ہے۔ یہ لوگ مذہبی خیالات کو اپنانے میں ماہر ہوتے ہیں۔ اپنے حلقہ اثر کو اپنے گرد جمع رکھتے ہیں۔ بعض اوقات جنونی طور پر جاہ و جلال کے بھوکے ہوتے ہیں۔ بڑائی کو برقرار رکھنے کے لیے ہر وہ کام کر ڈالتے ہیں جو خواہش کی تکمیل کے لیے ضروری ہو۔

ان کا بنیادی نظریہ یہ ہوتا ہے کہ ہم دوسروں پر حکومت کرنے کے لیے پیدا ہوئے ہیں۔ دنیا کے تمام سہارے ان کے سامنے سرنگوں رہیں۔ پھر یہ ان کے مالک بن جائیں کبھی کبھی ٹھنڈا مزاج بھی رکھتے ہیں۔ یہ دوست بہت کم بناتے ہیں۔

## فطرت اور قسمت

ان کی زندگی عموماً کامیابی سے پُر ہوتی ہے۔ دوست ان کی بہت مدد کرتے ہیں۔ یہ لوگ آزاد خیال ہوتے ہیں ان کی عادت یہ ہے کہ ایک کام کرتے کرتے اچانک دوسرا کام شروع کر دیتے ہیں اور پہلا کام وہیں چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ لوگ گرمی کم برداشت کرتے ہیں۔ نیز روشنی ان کی جلد پر اثر انداز ہوتی ہے۔ ان لوگوں کی رہائش کی جگہ سرد ہونی چاہیئے۔ اچانک حادثات ان کی زندگی کا حصہ ہیں۔ یہ لوگ بہت غصہ والے ہوتے ہیں۔ ان کی عادت میں باقاعدگی ہوتی ہے۔ ایک جگہ جم کر نہ رہنا ان کی عادت کا نقص ہے۔

## کمزوریاں

یہ لوگ لاف زنی کرتے ہیں۔ دوسروں پر غیر ضروری سوالات کی بوچھاڑ کرنے سے گریز نہیں کرتے۔ یہ اپنی ذات صحت، جائیداد کی طرف سے لاپرواہی برتتے ہیں۔

یہ لوگ اپنی قسمت کو بہتر بنانے کے لئے خون پسینہ ایک کر دیتے ہیں۔ مشکلات کا مقابلہ اچھی طرح کرتے ہیں۔ خود مختار طبیعت ہونے کی وجہ سے جلد بازی میں آجاتے ہیں۔

## شخصیت

یہ لوگ فطرتاً مشاغل پسند ہوتے ہیں۔ ہر قسم کی دلچسپیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی شکست تسلیم نہیں کرتے جو لوگ ان کی تائید نہیں کرتے ان سے روکھے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

www.ksars.org

یہ لوگ قابلِ اعتبار وفادار دوست ہوتے ہیں۔ دوستوں کی دلجوئی کرتے ہیں۔ بحیثیت دشمن خونخوار ذہنیت رکھتے ہیں۔ جب دشمنی کا آغاز کرتے ہیں تو اپنی جان کی بازی لگا دیتے ہیں۔

**رومان**

محبت کے معاملے میں ہرجائی ہیں۔ محبت ان کے نزدیک آنکھ مچولی سے بڑھ کر کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔

**کاروبار**

یہ لوگ تجارتی کاروبار میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔ ایسے لوگ بیرسٹر، انشاپرداز، سنگ تراش، سکریٹری، لیڈر اچھے بن سکتے ہیں۔

ان کی مالی حالت عجیب ہے۔ لاکھوں کماتے ہیں اور لاکھوں ہی خرچ کر دیتے ہیں۔

**نکات**

ان لوگوں کے لیے کسی بھی ماہ کی ۹، ۱۸، ۲۷ تاریخیں سعد ہیں۔ یہ عدد مذکر، دن جمعرات، اطراف اوپر مالک فلک (-) نحس و نیک۔ نحس اصغر، پتھر ہیرا، ذائقہ بدمزہ، دھات پلاٹینم۔ حالت جلالی۔ عنصر اعداد آتشی، آسمان ہفتم، رنگ گلابی سیاہی، سیارہ مریخ سے تعلق رکھتا ہے۔

اول و آخر ۹، ۹ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ ہر نماز کے بعد نہ پڑھا جاسکے تو کسی بھی ایک نماز کے بعد اور یہ نقش مشتری کی ساعت میں لکھ کر بازو پر باندھ لیں۔

آتشی چال

| | | | |
|---|---|---|---|
| حسبنا | الله | ونعم | الوكيل |
| الوكيل | ونعم | الله | حسبنا |
| الله | حسبنا | الوكيل | ونعم |
| ونعم | الوكيل | حسبنا | الله |

**نوٹ**

گزشتہ قسطوں میں اور اس قسط میں جو عملیات حل، مشکلات کے لئے لکھے ہیں، ان سے ہر شخص فائدہ اُٹھا سکتا ہے۔ لیکن اس کے لیے شرط یہ ہے کہ پانچوں وقت کی نماز کی پابندی ہو۔ بے نمازی کو یہ عمل ہرگز فائدہ نہ دیں گے۔ چاہے تو آزما کر دیکھ لے۔


نقش کسی ماہر سے لکھوایئے۔ اگر خود لکھنا چاہیں تو اس کی چال کے مطابق پُر کریں۔

**"۹" عدد کا زائچہ**

www.ksars.org

(برج حمل ستارہ مریخ)

جس شخص کے نام کا عدد یا تاریخ پیدائش کا مفرد عدد ۹ ہو۔




| | |
|---|---|
| خانہ نمبر(۱) | حمل:- حکومت کرنے کا شائق ہو گا۔ اچھی صحت رہے گی۔ |
| خانہ نمبر(۲) | ثور:- آمدنی میں اضافہ ہو گا۔ عزت بڑھے گی۔ |
| خانہ نمبر(۳) | جوزا:- خوشی سے وقت گزرے گا۔ |
| خانہ نمبر(۴) | سرطان:- والدہ سے خوشی ملے گی۔ نقصان نہ ہو گا۔ |
| خانہ نمبر(۵) | اسد:- کچھ پریشانیاں رہیں گی۔ |
| خانہ نمبر(۶) | سنبلہ:- درد شکم کے عوارض ہوں گے۔ |
| خانہ نمبر(۷) | میزان:- تجارت میں نفع ہو گا۔ |
| خانہ نمبر(۸) | عقرب:- حادثہ کا خطرہ ہے۔ |
| خانہ نمبر(۹) | قوس:- غیر ملکی سفر پیش آئے گا۔ |
| خانہ نمبر(۱۰) | جدی:- تمام امور اوسطاً خراب ہوں گے۔ |
| خانہ نمبر(۱۱) | دلو:- تمام کام اچھے ہوں گے۔ |
| خانہ نمبر(۱۲) | حوت:- مرض میں کمی آئے گی۔ مقدمات میں فتح ہو گی۔ |

www.ksars.org